الیکشن کمیشن آف پاکستان
(شعبہ تعلقات عامہ)
پریس ریلیز

مورخہ 06اپریل ، 2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان میں ابتدائی حلقہ بندیوں کے خلاف اپیلوں کی آج سماعت ہوئی ۔عدالتی کاروائی شام سات بجے تک جاری رہی۔ جس میں ضلع مانسہرہ کے علاوہ آج مقررہ کئے گئے تمام اضلاع کے کیسز کی سماعت ہوئی ۔ آج کی سماعت میں ہونی والی اپیلوں میں ضلع صوابی ، مردان ، چترال ،سوات ، اپردیر ، لوئیر دیر ، نوشہرہ اور بونیر شامل ہیں ۔ ان اضلاع کی اپیلوں کا فیصلہ کل بروز ہفتہ مورخہ 07 اپریل 2018ء کو سنایا جائے گا۔ جبکہ ضلع شانگلہ کی اپیلوں کا فیصلہ بروز سوموار مورخہ 09 اپریل 2018ء کو سنا یا جائے گا۔

کل مورخہ 07اپریل 2018ء کو ضلع ایبٹ آباد، ہری پور ، اور مانسہر ہ کی اپیلوں کی سماعت کی جائے گا۔

****